18-06-2024 Tuesday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج دوپہر حیدرآباد کے ملے پلی میں واقع انڈسٹریل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ آئی ٹی آئی میں اڈوانسڈ ٹکنالوجی سنٹرائے ٹی سیز کا سنگ بنیاد رکھا۔

۲۔وزیراعظم نریندرمودی نے گرام پنچایتوں کے سربراہوں پر زور دیا ہے کہ وہ یوگا اور ملٹس کے بارے میں بیداری پھیلا کر مجموعی صحت کو عوامی قیادت والی تحریک بنائیں۔

۳۔کانگریس اور بائیں بازو جماعتوں کی طلبہ تنظیموں نے نیٹ میں ہوئی بے قاعدگیوں کے خلاف آج احتجاج منظّم کیا۔

اور

۴۔سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ کے چیرمین اینڈ مینجنگ ڈائرکٹر این بلرام نے ملازمین اور عہدیداروں کو ٹیم مینجمنٹ کی سختی کے ساتھ پابندی کی تاکیت کی ہے۔

☆☆☆

مرکز میں مسلسل تیسری بار منتخب ہونے کے بعد وزیراعظم نریندر مودی 30 جون کو آل انڈیا ریڈیو پر اپنے ماہانہ پروگرام من کی بات میں ایک بار پھر ہم وطنوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے مسٹر مودی نے خود منگل کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر یہ جانکاری دی انہوں نے کہا کہ مجھے آپ کو یہ بتاتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ انتخابات کی وجہ سے چند ماہ کے وقفے کے بعد من کی بات ایک بار پھر واپس آرہی ہے۔اس ماہ کا پروگرام 30 جون کو ہوگا۔آپ سبھی اس پروگرام کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔آپ اپنا پیغام 1800117800 پر بھی ریکارڈ کرسکتے ہیں۔'NaMo App' اوپن فورم 'یا'MyGov پر بھی پیغامات بھیجے جاسکتے ہیں۔قابل ذکر ہے کہ 2014 میں پہلی بار وزیراعظم بننے کے بعد مسٹر مودی نے ہم وطنوں سے رابطہ کرنے کے لیے آل انڈیا ریڈیو پر ماہانہ پروگرام من کی بات شروع کیا تھا۔یہ پروگرام ان کے دوسرے دور حکومت میں بھی ہر ماہ نشر ہوتا رہا۔ان کی دوسری مدت پوری ہونے سے پہلے یہ پروگرام اس وقت روک دیا گیا جب گزشتہ مارچ میں عام انتخابات کے دوران ماڈل ضابطہ اخلاق نافذ ہوا۔مسٹر مودی نے اس ماہ تیسری بار وزیراعظم کے طور پر حلف لیا ہے اور اس مہینے سے ہی اپنا ماہانہ ریڈیو پروگرام نشر کرنے کا اعلان کیا ہے۔یہ من کی بات کی 111 ویں قسط ہوگی۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی نے گرام پنچایتوں کے سربراہوں پر زور دیا ہے کہ وہ یوگا اور ملٹس کے بارے میں بیداری پھیلا کر مجموعی صحت کو عوامی قیادت والی تحریک بنائیں۔گرام پردھانوں کو لکھے ایک خط میں وزیراعظم نے کہا کہ پنچایت احاطے۔اسکولوں۔آنگن واڑیوں۔کمیونٹی ہیلتھ سینٹرز اور اس طرح کے دیگر مقامات پر یوگا پر مبنی پروگراموں کا انعقاد لوگوں۔خاص طور پر نوجوانوں کو پائیدار اور تناؤ سے پاک طرز زندگی کو اپنانے کی ترغیب دینے کے لیے معاون ہوگا۔گاؤں کی پنچایتوں کے تمام باشندوں کو 10 ویں بین الاقوامی یوگا دن کی مبارکباد دیتے ہوئے نریندر مودی نے اس جشن کو یوگا کے عالمی اثرات اور لوگوں کی زندگیوں پر اس کے مثبت اثرات کے ثبوت کے طور پر اجاگر کیا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اس سال کا تھیم یوگا فار سیلف اینڈ سوسائٹی ایک صحت مند قوم کی تعمیر کے لیے حکومت کی کوششوں کو مزید تقویت دے گا۔وزیراعظم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ یوگا ملک کی قدیم ثقافت کا تحفہ ہے جو مجموعی صحت اور تندرستی کو آگے بڑھانے میں مدد کرتا ہے۔یوگا کی مشق ہمیں جسمانی اور ذہنی طور پر مضبوط کرتی ہے۔انہوں نے نوٹ کیا کہ جس طرح یوگا جسم اور دماغ کے لیے ضروری ہے،اسی طرح سپر فوڈز جیسے ملٹس جسے شری انا بھی کہا جاتا ہے،غذائیت کے ذریعے اچھی صحت کو فروغ دیتے ہیں۔

☆☆☆

مرکزی وزیرمملکت برائے امور داخلہ بنڈی سنجے کمار 19 جون کو کریم نگر کا دورہ کریں گے۔کریم نگر حلقہ میں بی جے پی لیڈران بنڈی سنجے کمار کا پرتپاک استقبال کرنے کے لیے تیار ہیں۔جوان کا وزارتی عہدہ سنبھالنے کے بعد کریم نگر کا پہلا دورہ ہے۔ابتدائی طور پر بندی سنجے کماراور مرکزی وزیرکشن ریڈی نے 19 جون کوایک ساتھ ریاست کا دورہ کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔تاہم کشن ریڈی نے اسی شام مرکزی کابینہ کےاجلاس میں شرکت کے لیے اپنا سفرملتوی کر دیا۔24 جون سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے اجلاسوں کی وجہ سے محدود وقت دستیاب ہونے کے بعد بنڈی سنجے کمار نے کشن ریڈی کے مشورہ پرعمل کرتے ہوئے 19 جون کو اپنا دورہ جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔اپنے دورے کے پہلے دن، بندی سنجے کمار صبح نو بجے کریم نگر حلقہ کے اندر شنیگارم پہنچیں گے۔جہاں پارٹی کے ارکان پرتپاک استقبال کریں گے۔اس کے بعد وہ کریم نگر میں دیوی مہاشکتی مندر جائیں گےاورخصوصی پوجا کریں گے،اس کے بعد اپنی ماں کا آشیرواد حاصل کرنے کے لیے چیتنیاپوری میں ان کی رہائش گاہ پر جائیں گے۔بعد میں، وہ کونڈاگٹو کا سفر کریں گے تاکہ کونڈاگٹوانجناسنیدھی میں خصوصی پوجا کریں اور چوپاپنڈی حلقہ کے کارکنوں اورلیڈروں سے ملاقات کریں۔وہ مارکنڈے مندر کا دورہ کرنے اور حلقہ کے مقامی لیڈروں اور کارکنوں سے ملاقات کرنے کے لیے سرسیلا حلقہ بندی مرکز پہنچیں گے، پھر کریم نگر واپس آئیں گے۔20 جون کو، بندی سنجے کمار کریم نگر میں کارکنوں کے لیے دوپہر تک دستیاب ہوں گے،اس سے پہلے کہ وہ حیدرآباد جانے سے پہلے کشن ریڈی کے ساتھ بی جے پی کے ریاستی دفتر میں پروگراموں میں شرکت کریں۔21 جون کو بندی سنجے کمار کریم نگر پارلیمنٹ کے تحت مناکنڈور، حضورآباد اور حسن آباد حلقوں کا دورہ کریں گے۔وہ ان حلقوں کے ممتاز مندروں میں خصوصی پوجا کریں گے اور مقامی قائدین اور کارکنوں سے ملاقات کریں گے اور رات کو کریم نگر واپس آئیں گے۔پارٹی ذرائع کے مطابق وہ 24 جون سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے اجلاس کی تیاری میں 23 جون کو دہلی روانہ ہوں گے۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج دوپہر حیدرآباد کے ملے پلی میں واقع انڈسٹریل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ آئی ٹی آئی میں اڈوانسڈ ٹکنالوجی سنٹر اے ٹی سیز کا سنگ بنیاد رکھا۔اِس مرکز کے ذریعہ نوجوانوں کو ماڈل انڈسٹریز کی ضروریات کے مطابق تربیت فراہم کی جائے گی۔اِس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت کا مقصد بے روزگار نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا اوران کو نوکریاں فراہم کرنا ہے۔اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریاست میں سرکاری آئی ٹی آئی قدیم تعلیمی نظام اور سلیبس کی وجہ سے غیرموثر ہوچکے ہیں، چونکہ یہاں پر چالیس تا پچاس سال قدیم طرز پر تعلیم کا نظم ہے جو کہ موجودہ ضروریات کی تکمیل نہیں کرتا، جس کی وجہ سے حکومت نے فیصلہ لیتے ہوئے اسے موثر بنانے کا عہد کیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ حکومت ریاست میں 65 آئی ٹی آئیز کو اے ٹی سیز میں بدلنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے لئے ٹاٹا ٹکنالوجی لمیٹڈ کے ساتھ تعاون لیا جارہاہے اوراس کے لئے 2324 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی جارہی ہے۔

☆☆☆

آشاورکرس نے آج ڈائرکٹریٹ آف میڈیکل ایجوکیشن ڈی ایم ای آفس واقع کوٹھی حیدرآباد کے سامنے احتجاجی دھرنامنظّم کیا۔آشاورکرس اپنے بقیہ جات کی ادائیگی اور تنخواہوں میں اضافہ کا مطالبہ کررہے ہیں۔احتجاج کے دوران ریاستی بی جے پی مہیلا مورچہ کے صدر ڈاکٹر شلپا ریڈی نے آشاورکرس کی دومہینہ کی تنخواہیں جلد سے جلد جاری کرنے کا حکومت سے مطالبہ کیا۔انہوں نے اس موقع پر آشاورکرس کی تنخواہیں 9 ہزار سے بڑھا کر 18 ہزار کرنے کا بھی مطالبہ کیا، جیسا کہ انتخابات کے موقع پر وعدہ کیا گیا تھا۔اس کے علاوہ ای ایس آئی کی رکنیت پی ایف میں بھی شامل کرنے کا مطالبہ کیا۔ اِس موقع پر ڈی ایم ای کی جوائنٹ ڈائرکٹر ڈاکٹر پدماجا کو مسائل کی یکسوئی کے لئے یادداشت بھی پیش کی گئی۔

☆☆☆

بی آر ایس کے سابق وزرا سبیتا اندرا ریڈی اور ستیہ وتی راٹھوڑ نے بی آر ایس ایم ایل سی کویتا ملاقات کی، جو دہلی شراب اسکام معاملہ میں تہاڑ جیل میں ہیں۔ اِس موقع پر دونوں سابقہ وزرا نے اُن کا مکمل تعاون کرنے کا عہد کیا۔ واضح رہے ایم ایل سی کے کویتا گزشتہ 80 دنوں سے ای ڈی کی جانب سے حراست میں لئے جانے کے بعد سے تہاڑ جیل میں ہیں۔ انہیں دہلی شراب پالیسی، منی لانڈرنگ کیس کا سامنا ہے۔

☆☆☆

ساؤتھن روٹ آف ڈیلٹا 5 موٹر وہیکل Expedition کی ٹیم انڈین آرمیز چپن انڈیا جرنی کے تحت حیدرآباد پہنچے۔ کارگل وجئے دیوس کی رجت جینتی کے موقع پر یہ ٹیم تاملناڈو، کرناٹک اور تلنگانہ سے گزر رہی ہے۔ دھنوش کوڈی سے 12 جون کو سفر کا آغاز کرتے ہوئے آرٹیلری ریجمنٹ کے 8 رائیڈرس چار ہزار کلومیٹر کا سفر کرتے ہوئے کارگل وار میمورل پہنچ خراج پیش کریں گے۔ یہ ٹیم منالی، سرچو اور نیوما کے مختلف پہاڑی علاقوں سے گزرتے ہوئے 28 دن کے بعد آئندہ مہینہ کی 10 تاریخ کو کارگل وار میموریل ڈراس پہنچے گی۔ آج سکندرآباد کے بولارم میں واقع مائٹر اسٹیڈیم پر میجر جنرل اکھلیش کمار، جنرل آفیسر کمانڈنگ بیسن ڈویژن نے قافلہ کو جھنڈی دکھائی۔

☆☆☆

اسٹیٹ یوتھ سرویس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے اس ماہ کی 24 تاریخ کو حسنی آباد میں میگا جاب میلا منعقد کیا جائے گا۔ بی سی ویلفیر اینڈ ٹرانسپورٹ منسٹر پونم پربھاکر نے آج حسنی آباد میں جاب میلا پروگرام کے پوسٹر کی نقاب کشائی کی۔ اِس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یوتھ سرویس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے اِس جاب میلہ کے ذریعہ پانچ ہزار افراد کو روزگار فراہم کرنے کا نشانہ طئے کیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ حکومت کی جانب سے نوجوانوں کو اسکل ٹریننگ فراہم کی جائے گی، تاکہ وہ بیرون ملک بھی روزگار حاصل کرسکیں۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے حلقہ کے تمام نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ بڑی تعداد میں اِس میگا جاب میلہ میں شرکت اور استفادہ کریں۔

☆☆☆

کانگریس اور بائیں بازو جماعتوں کی طلبہ تنظیموں این ایس یو آئی، ایس ایف آئی، اے آئی ایس ایف، پی ڈی ایس یو، عام آدمی پارٹی کی طلبہ تنظیم اے آئی وائی ایف اور ڈی وائی ایف آئی نے حمایت نگر جنکشن سے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے مجسمہ تک احتجاجی ریالی نکالتے ہوئے نیٹ معاملہ کے ذمہ داروں کے خلاف سخت ایکشن کی مانگ کرتے ہوئے مرکزی حکومت کا گھیراؤ کیا۔ احتجاجی طلبہ مرکز سے طلبہ کے ساتھ انصاف کرنے کا مطالبہ کررہے تھے۔ احتجاجی طلبہ نے مرکزی حکومت سے اس سارے معاملہ کی سپریم کورٹ کے برسر خدمت جج کے ذریعہ تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ وہیں دوسری طرف بی آر ایس سے وابستہ طلبہ ونگ نے بھی راج بھون کے روبرو نیٹ امتحان کو منسوخ کرنے اور دوبارہ امتحانات منعقدہ کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا۔ بی آر ایس کی طلبہ تنظیم کے احتجاجی راج بھون کے طرف بڑنے کی کوشش کررہے تھے، جس پر پولیس نے انہیں گرفتار کرلیا۔ بھارتیہ راشٹریہ سمیتی نے مرکز پر نیٹ امتحان میں مبینہ دھاندلیوں اور بے قاعدگیوں کے خلاف فوری اقدامات کرتے ہوئے خاطیوں کو سزا دینے کا مطالبہ کیا۔ احتجاجیوں نے کہا کہ ابھی تک نیٹ امتحان کے بے قاعدگیوں کے معاملہ میں ای ڈی اور دیگر ایجنسیوں کی جانب سے کیس بھی درج نہیں کیا گیا ہے۔ بی آر ایس کے سینئر قائد اور سابق رکن پارلیمنٹ بی ونود کمار نے حیدرآباد میں پریس میٹ کو مخاطب کیا۔ انہوں نے کہا کہ بہار اور گجرات میں پیپر لیک کی خبریں منظر عام پر آئی ہیں اور 30 لاکھ روپے میں پرچہ فروخت کرنے کی خبر ہے۔ لہٰذا فوری ای ڈی کے ذریعہ تحقیقات کروائی جائے۔

☆☆☆

سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ کے چیرمین اینڈ مینجنگ ڈائرکٹر این بلرام نے ملازمین اور عہدیداروں کو ٹیم مینجمنٹ کی سختی کے ساتھ پابندی کی تاکیت کی ہے۔ انٹلیجنس رپورٹ کے منظر عام پر آنے کے بعد جس میں یہ کہا گیا ہے کہ کچھ ملازمین ڈیوٹی پر غیر حاضر رہ کر بھی حاضری درج کروا رہے ہیں۔ این بلرام نے بائیومیٹرک حاضری کو لازمی قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ لنچ بریک کے بعد بھی ملازمین فوری کام پر رجوع ہوں، کیونکہ یہ بھی بات سامنے آرہی ہے کہ ملازمین تاخیر سے کام پر رجوع ہو رہے ہیں۔ احکامات کی پابجائی نہ کرنے پر انہوں نے سخت اقدامات کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔